مُناجاتِ ہاتفؒ

ایک نہایت مقبول مناجات جو ہر مصیبت
اور پریشانی کے وقت پڑھی جاسکتی ہے۔

ناشر

مکتبۂ اسلام ۵۴/۱۷۲ محمد علی لین گوئن روڈ لکھنؤ

www.abulhasanalinadwi.org

جملہ حقوق محفوظ

۱۴۲۵ھ ـــــــ ۲۰۰۵ء

نام کتاب :.................مناجاتِ ہاتف

مرتبہ :................ امۃ اللہ تسنیم صاحبہ

صفحات :..................................۶۴

کمپوزنگ :..........حامد (خوشنویس) لکھنؤ

طباعت :..............کاکوری آفسٹ، لکھنؤ

قیمت :.......................... دس روپے

ناشر

مکتبہ اسلام ۲/۵۴۷ محمد علی لین گوئن روڈ لکھنؤ

www.abulhasanalinadwi.org

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مناجات ہاتف

یہ مناجات جو میں ہدیہ ناظرین کرتی ہوں،
بہت ہی مبارک اور مقبول ہے اس کے روزانہ
پڑھنے اور وظیفہ بنا لینے سے انسان کی زندگی بہت
ہی امن وامان اور راحت وآرام سے گزرتی ہے
اور کثرت سے اس کا تجربہ ہوا کہ کسی خطرہ یا کسی
مصیبت کے وقت خواہ زمینی ہو یا آسمانی اس کو
پڑھتے ہی پڑھتے ختم بھی نہیں ہو پاتی کہ وہ خطرہ اور

www.abulhasanalinadwi.org

مصیبت دور ہو جاتی ہے۔ مبارک اور مقبول کیوں
نہ ہو اللہ تعالیٰ جل شانہ کے ننانوے اسمائے گرامی
کو اس ترتیب سے اس مناجات میں لایا گیا ہے
کہ اسم شریف میں جو صفت ہے اسی صفت کے
مطابق دعا کی گئی ہے۔ پڑھنے والے خود اس کا
مشاہدہ کریں گے زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں،
مثال کے طور پر چند شعر لکھتی ہوں ملاخطہ فرمایئے:

یا مَلِک اپنی خاص رحمت سے
دین و دنیا میں جاہ و ثروت دے
کر عطا یا سلام یا شافی
صحت و تندرستی کافی

www.abulhasanalinadwi.org

یا الٰہی بہ شانِ فتّاحی
کھول دے غیب سے درِ روزی

سخت ہے یا حسیب روزِ حساب
بخش دے مجھ کو بے حساب و کتاب

کر عطا یا جلیل جاہ وجلال
اپنی رحمت سے کردے مالا مال

اے مقدّم مجھے مقدّم کر
اپنی درگاہ میں معظّم کر

یا مؤخر رہوں نہ میں پیچھے
مورد لطف سب سے ہوں پہلے

www.abulhasanalinadwi.org

عمل ناصواب کا میرے

منتقم مجھ سے انتقام نہ لے

یہ مناجات افسوس ہے کہ عرصہ دراز سے بالکل غائب ہوچکی ہے۔ میرے بچپن میں اس کے بعض نسخے تھے، لیکن اب وہ بالکل ضائع ہو گئے کہیں ڈھونڈے نہیں ملتے۔

مجھے یہ مناجات زبانی یاد تھی خیال ہوا کہ زندگی کا کوئی اعتبار نہیں، لاؤ اس کو سپردِ قلم کر کے ہدیہ ناظرین کردوں تاکہ اس سے میرے تمام مسلمان بھائی بہن فائدہ اٹھائیں۔ جن کو دعا کرنا نہیں آتی وہ اس مناجات کے ذریعہ اللہ پاک سے

www.abulhasanalinadwi.org

التجا کر کے دنیا و آخرت کی بھلائیوں اور نعمتوں سے اپنا دامنِ مقصود بھر لیں۔

گزارش ہے کہ جو مسلمان بھائی یا بہن اس مناجات کو پڑھیں وہ اپنی دعاؤں میں مجھے بھی فراموش نہ کریں۔

وا خردعوانا ان الحمدللہ رب العٰلمین

محتاج دعا

امۃ اللہ تسنیم

دائرہ شاہ علم اللہ، رائے بریلی

www.abulhasanalinadwi.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مرے معبود اے مرے اللہ
اے مرے بے نیاز شاہنشاہ
جملہ عالَم کا کارساز ہے تو
خلق پرور جہاں نواز ہے تو

لطف ہر نیک وبَد پہ عام ترا
اَرحم الرّاحمیں ہے نام ترا

www.abulhasanalinadwi.org

رحم کن بر من و غریبیِ من
دست دہ بہر دستگیریِ من

کوئی میرا نہیں سوا تیرے
میرے فریاد رَس مری سن لے

نفس و شیطاں کے ہاتھ سے ہوں ذلیل
مخلصی کی نہیں ہے کوئی سبیل

www.abulhasanalinadwi.org

نہ عبادت ہی ہے نہ طاعت آہ
ہے فقط تیری رحمتوں پہ نگاہ
کر مری جملہ مشکلیں آساں
اپنے فضل وکرم سے یا رَحمٰاں

مرے اعمال پر نہ کر تو نظر
یارحیم اپنا رحم کر مجھ پر

www.abulhasanalinadwi.org

یا مَلِک اپنی خاص رحمت سے
دین و دنیا میں جاہ و ثروت دے
آبِ رحمت سے زنگِ دل کو دھو
مرے قُدّوس، پاک کر مجھ کو

کر عطا یا سلام یا شافی
صحت و تندرستی کافی

www.abulhasanalinadwi.org

تو ہی مومن ہے، ہے مرا ایماں
کیوں نہ میں چاہوں تجھ سے امن و اماں

الامان الامان یا حنّان
الامان الامان یا منّان

الامان الامان یا دیّان
الامان الامان یا سبحان

www.abulhasanalinadwi.org

شرِّ شیطاں وظلم سلطاں سے
فتنۂ دہر جورِ اخواں سے
اپنے امن واماں میں دائم رکھ
عزّت و آبرو سے قائم رکھ

یا مُہیمن بہ لطفِ یزدانی
سب بلاؤں سے کر نگہبانی

www.abulhasanalinadwi.org

عزّت وآبرو میں فرق نہ آئے
یا عزیز، ہر اک بلا ٹل جائے
در پئے آبرو ہو گو عالم
جب کہ ہے تو عزیز پھر کیا غم

جس کو بخشے تو عزّت وحرمت
کون ہے جو کہ دے سکے ذِلّت

www.abulhasanalinadwi.org

اے زبردست غالب وجبّار
میرے بگڑے ہوئے بنا دے کار
اے خدائے بزرگ جلّ علیٰ
متکبر و اکبر و اعلیٰ

کبر زیبا ہے تجھ کو اے خالق
کبریائی کے ہے تو ہی لائق

www.abulhasanalinadwi.org

کون ہے بادشاہِ کن فیکون
کس نے دکھلائے رنگ گوناگوں
تو ہی خالق ہے کون تیرے سوا
صانعِ جن وانس ارض وسما

تیرے ہی حکم سے ہوئی ہر شے
تو ہی باری تو ہی مُصَوِّر ہے

www.abulhasanalinadwi.org

تو نے پیدا کیئے ہیں جنّت ونار
تو ہی غَفّار ہے تو ہی قہّار
قہر تیرا غضب ہے بارِ خدا
اپنے قہر و غضب سے مجھ کو بچا

یا الٰہی میں وہ ہوں بد کردار
کہ میرے نام سے ہے نار کو عار

www.abulhasanalinadwi.org

غرقِ بحرِ گناہ ہوں سرتاپا
شرم سے منھ اٹھا نہیں سکتا
مغفرت کی کوئی امید نہیں
تیری رحمت سے پَر بعید نہیں

تو اگر بخش دے تو دور نہیں
کیا تو غفّار اے غفور نہیں

www.abulhasanalinadwi.org

بندگی کی تجھے غرض کیا ہے
تو تو وہّاب ہے عِوَض کیا ہے
گبر و مومن مجوسی و ترسا
تیرے خوانِ کرم سے زَلّہ رُبا

تو ہی رُزّاق انس وجان کا ہے
تو ہی روزی رساں جہان کا ہے

www.abulhasanalinadwi.org

یا الٰہی بہ شانِ فتّاحی
کھول دے غیب سے درِ روزی
کر مجھے غیر کا نہ دست نگر
اپنی قدرت سے کر دے صاحبِ زر

کوئی میرا نہیں علیم ہے تو
تو ہی دے گا مجھے کریم ہے تو

www.abulhasanalinadwi.org

منعمی واہب العطیاتی

حافظی دافعُ البلیاتی

تیرے قبضہ میں انتظام جہان

قابِض و باسِط ہے تیری شان

تو شہنشاہ قاہِر و عادِل

حافِظ ورافِع وُمعِز مُذِل

www.abulhasanalinadwi.org

جس کو چاہے تو سر بلند کرے
اور جسے چاہے مستمند کرے
بے نواؤں کو کر دے دم میں شاہ
بادشاہوں کو کر دے پل میں تباہ

نہ کوئی تیرا روکنے والا
نہ کوئی تجھ کو ٹوکنے والا

www.abulhasanalinadwi.org

تابعِ امر تیرے کون ومکان
اَحکم الحا کمیں ہے تیری شان
اے خداوند، تو سمیع و بصیر
حَکَم و عَدل اور لطیف وخبیر

تو ہی پنہاں و آشکارا ہے
تیری ہی ذات کا سہارا ہے

www.abulhasanalinadwi.org

یا حَلیم اپنے حِلم کے صدقے
عزت وآبرو مری رکھ لے
دین ودنیا میں کر نہ خوار وذلیل
اے عظیم اے مرے نَصیر وکَفیل

گرچہ ہوں یا غفور قابل نار
اپنی رحمت سے کر دے بیڑا پار

www.abulhasanalinadwi.org

تیری رحمت کا کُل جہاں مشکور
عام ہے لطف تیرا ربِّ شکور
تیری جانب سے رحمت ونعمت
دم بدم ہرزمان و ہر ساعت

کس زباں سے کروں میں شکر ادا
تیرے انعام ولطف بے حد کا

www.abulhasanalinadwi.org

تو نے مجھ کو کیا بنی آدم
اَشرف الُخَلق اَکُرَمُ العالَم
نوعِ انساں میں بھی کیا ممتاز
کہ کیا اُمّت رسولِ حجاز

دین و ایمان و علم و فہم دیا
رزق روزی سے بہرہ مند کیا

www.abulhasanalinadwi.org

تھی جو کچھ دل کی آرزو بخشی
ہم نشینوں میں آبرو بخشی
اے مرے کردگار تیرا شکر
میرے پروردگار تیرا شکر

شکر تیرے نِعَم کا یا مَنّان
ایک شمّہ ادا ہو کیا امکان

www.abulhasanalinadwi.org

تیرا رتبہ خِرد سے بالا ہے
تو کبیر و علیؒ و اعلیٰ ہے
یا علیؒ اپنی برتری کے طفیل
یا کبیر اپنی مہتری کے طفیل

میرا عالم میں بول بالا کر
میرا رتبہ جہاں سے اعلیٰ کر

www.abulhasanalinadwi.org

سب حوادث سے یا حَفیظ بچا
تو ہی حافظ ہے یا حفیظ مرا
زار ہوں یا مُقیت قوت دے
روح کو زور، تن کو طاقت دے

سخت ہے یا حَسیب روزِ حساب
بخش دے مجھ کو بے حساب و کتاب

www.abulhasanalinadwi.org

کر عطا یا جَلیل جاہ وجلال
اپنی رحمت سے کر دے مالا مال
یا کریم اے رَقِیب اے دَیّاں
یا مُجیب الدُّعاءِ مضطرؔ ال

شر اَعدا سے بے خطر کر دے
جملہ آفات سے نڈر کر دے

www.abulhasanalinadwi.org

واسِعا دے خوشی و خوشحالی
وسعتِ رزق فارغ البالی
علم دے یا حکیم حکمت دے
عشق دے یا وَدُود اُلفت دے

دوستی اپنی کر عطا مجھ کو
اپنا کرلے تو اے خدا مجھ کو

www.abulhasanalinadwi.org

دے مجھے یا مَجید مَجْدُ و عُلیٰ
ہمسروں میں بلند کر رتبہ
روز باعث نشور یا باعِث
بہتری کا مرے اٹھا باعِث

دار دنیا سے یا شَہید سفر
ہو مرا کلمۂ شہادت پر

www.abulhasanalinadwi.org

حق حقیقت میں ہے تو ہی الحق
سب سے بے لاگ قادر مطلق
حامی و والی وکفیل ہے تو
میرے ہر امر کا وکیل ہے تو

تجھ کو میں سونپتا ہوں اپنے کار
تو جو چاہے کرے تو ہے مُختار

www.abulhasanalinadwi.org

تو قوی اُلمَتین میں بے بس
تو ولی وقدیر میں بے بس
کب ترا وصف ہو بشر سے ادا
حق ہے تو ہی حَمید ہے اپنا

تیرے وصف و ثنا میں یا مُحْصی
خود نبی کہہ گئے ہیں لا اُحصِی

www.abulhasanalinadwi.org

ہیچ کو ہست بود کو نا بود
نیست کو پھر کرے گا تو موجود
ہے تری ہی شان یا مُبدی
تو مُحیِ اے مُمیت اے مُبدی

میں نہیں طول عمر کا خواہاں
نہ میں خوفِ مرگ سے ترساں

www.abulhasanalinadwi.org

مرگ کا غم نہ زندگی کی خوشی
یا الٰہی تیری خوشی کی خوشی
زندگی دے جو ہو حیات میں خیر
موت دے ہو اگر ممات میں خیر

ہے وہ تو ہی کہ جو نہ ہو مُعدوم
تو ہی حَیّ ہے اور تو ہی قَیّوم

www.abulhasanalinadwi.org

ذات تیری غَنی ہے یا وَاجِد
تجھ کو زیبا ہے مَجْد یا مَاجِد
ایک ہے تو اَحد ہے تیرا نام
تو ہی واحد ہے اے خدائے اَنام

تو نے پیدا کئے زمان و زمیں
کوئی ساتھی کوئی شریک نہیں

www.abulhasanalinadwi.org

اے صمد سب سے بے نیاز ہے تو
صَادِقُ الْقَولْ پاک باز ہے تو
تو ہی یارَب ہے صاحبِ قُدرَت
قادِر و مُقتَدِر ہے ذوالقُوَّت

تو ہی اَوّل ہے اور تو ہی آخِر
تو ہی باطِن ہے اور تو ہی ظاہر

www.abulhasanalinadwi.org

پاک کر میرا باطن و ظاہر
آخرت کر بخیر یا آخر
اے مقدّم مجھے مُقدّم کر
اپنی درگاہ میں معظّم کر

یا مؤخّر رہوں نہ میں پیچھے
مور دِ لطف سب سے ہوں پہلے

www.abulhasanalinadwi.org

والی و کارساز ہے تو میرا
مُتَعالی ہے آسرا تیرا
اے نکو کار برّ اے توّاب
بخش توفیق توبہ مجھ کو شتاب

عملِ ناصواب کا میرے
مُنتَقِم مجھ سے انتقام نہ لے

www.abulhasanalinadwi.org

تو عفُوّ ہے اور میں خاطی
تو رَؤُف اے رحیم میں عاصی
میں گہنگار فاجر و بدکار
تو غفور اور ساتِر و سَتّار

عَالِم وغَافِر الذّنوب تو ہی
ساتِر وعالِم الغیوب تو ہی

www.abulhasanalinadwi.org

در گزر کر مری خطاؤں سے
ڈھانپ لے ڈھانپ لے عیوب مرے
مالِک الملک ہے تو اے سرور
در ترا چھوڑ کر میں جاؤں کدھر

کون تیرے سوا ہے ذوالاِنعام
اے مرے ذُوالجلال والاِکرام

www.abulhasanalinadwi.org

ہے تو لاریب مُقسِط و مُنصِف

پرہوں میں عدل سے بہت خائف

روبرو تیرے عدل کے شاہا

غیر ممکن ہے اپنا چھٹکارا

اَرحَمُ الرّاحِمیں برحمت خویش

اَکرَمُ الاَکرِمیں بعزّت خویش

www.abulhasanalinadwi.org

رحم کن رحم یا غفورُالرحیم
کرم کن بحالِ زارِ سَقیم
جمع کر میرے دل کو یا جامِع
فکر روزی سے ہو مرا مانِع

یا غَنِی تو غَنِی ہے اور مُعطِی
جس کو چاہے تو کر دے دم میں غَنِی

www.abulhasanalinadwi.org

تجھ کو کس بات کی ہے شاہا کمی
کر غنی مجھ کو بھی تو یا مُغنی
دین و دنیا کی کچھ رہے نہ ہوس
اتنا دے اتنا دے کہ کہہ دوں بس

لاکھ دشمن ہوں مجھ کو کیا خطرہ
لاکھ ہو دوست مجھ کو کیا پرواہ

www.abulhasanalinadwi.org

خالقِ خیر و شر ہے تو یارب
دوست دشمن برائے نام ہیں سب
ضرر و نفع کا ہے تو خلّاق
زہر کیا چیز مال کیا تریاق

تیرے قبضہ میں نفع اور نقصان
ضارّ نافِع ہے تیری شان

www.abulhasanalinadwi.org

ظلمتِ جہل سے چھڑا یا نوُر
نورِ عرفاں سے دل کوکر پُر نوُر
ہرچہ غیراز توزاں نفورم کن
پائے تافَرق غَرقِ نُورَم کن

راہ دکھلا مجھے شریعت کی
تو ہی ہادی مرا ہے یا ہادی

www.abulhasanalinadwi.org

ملک لاہوت کی دکھا دے سیر
یابدیع العجائب باالخیر
مجھ پہ کر ایسا لطف یا باقی
کہ جہاں میں رہے سدا باقی

تو ہی وارِث مرا ہے یاوارِث
کون تیرے سوا مرا وارِث

www.abulhasanalinadwi.org

مال و اولاد سے تو رکھ خُرسند
خلف الصدق دے سعادت مند
یارشید اے جہان کے مُرشِد
اے مرے رہنما مرے مُرشِد

راہ وحدت کی رہنمائی کر
منزلِ عشق تک رسائی کر

www.abulhasanalinadwi.org

اپنا دے عشق اپنا رکھ مشتاق
دے مجھے لذّتِ وصال وفراق
اپنا دے ذوق و شوق یا اللہ
رہوں تیری ہی دُھن میں شام وپگاہ

اپنا غم دے غمِ محبّت دے
عشق دے عشق کی حلاوت دے

www.abulhasanalinadwi.org

سوز دل میں جگر میں درد رہے
ہر گھڑی لب پہ آہِ سرد رہے
جان جائے نہ جائے تیری یاد
موت آئے نہ آئے غیر کی یاد

کر عطا صبر یا صبور اس پر
ان بلاؤں سے تا نہ ہوں مضطر

www.abulhasanalinadwi.org

خوش رہوں عشق کی بلاؤں پر
رہوں شاکر تری رضاؤں پر
شاکروں میں اُٹھا بروزِ جزا
صابروں میں شمار کر میرا

جس بلا سے کہ ناصبور رہوں
یا الٰہی میں اس سے دور رہوں

www.abulhasanalinadwi.org

غم دنیا نہ پاس آ پھٹکے
خوش وخرم جیوں میں بے کھٹکے
جیتے جی تیرے غم میں شاد رہوں
جب یہاں سے چلوں تو شاد رہوں

آؤں خوش خوش تری جناب میں میں
رہوں یارب نہ پیچ وتاب میں میں

www.abulhasanalinadwi.org

یا مجیب الدعا طفیلِ رسول
ہو مناجات ہاتفی مقبول

www.abulhasanalinadwi.org

مناجاتِ تسنیم

امۃ اللہ تسنیمؒ

www.abulhasanalinadwi.org

کب سے کھڑی ہوں یارب امید کے سہارے
یہ دن نہ جانے میں نے کس طرح سے گزارے

بے چین و مضطرب دل جا کر کسے پکارے
وہ کون ہے جو حالت بگڑی ہوئی سنوارے

ہے باب یہ کرم کا خالی نہ پھیر یارب
دینا اگر تجھے ہے پھر کیوں ہے دیر یارب

www.abulhasanalinadwi.org

کنجِ قفس سے بدتر اپنا ہے آشیانہ
اس قید بیکسی میں گزرا ہے اک زمانہ

مغموم دل پہ یارب لازم ہے رحم کھانا
کرتی ہوں میں شکایت تجھ سے یہ عاجزانہ

بارِ الم ہے دل پر، طاقت نہیں ہے دل میں
کیوں کر ہو صبر مجھ کو ہمت نہیں ہے، دل میں

www.abulhasanalinadwi.org

فکروں سے تنگ آ کر آئی ہوں تیرے در پر
اللہ رحم کر اب سن لے دعائے مضطر

کب تک پڑی رہوں گی کچھ حد بھی ہے مقرر
یا یوں ہی لوٹ جاؤں بابِ کرم پہ آ کر

ہے تو کریم ایسا دیتا ہے خود بلا کر
مجھ کو بھی کر نہ محروم اپنا یہ دَر دکھا کر

www.abulhasanalinadwi.org

محروم رہ نہ جاؤں دستِ دعا اُٹھا کر
مشکل نہیں تجھے کچھ، جو چاہے تو عطا کر

اے رحمتِ دو عالمؐ وعدہ(۱) تو اب وفا کر
مانگا ہے میں نے تجھ سے کس طرح گڑگڑا کر

کب سے لیے کھڑی ہوں میں کاسۂ گدائی
اب تک ملا نہ مجھ کو اور شام ہونے آئی

(۱) وعدہ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ط اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ
دوسرا وعدہ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ

www.abulhasanalinadwi.org

دولت کی کیا کمی ہے معمور ہے خزانہ
بھر دے ہمارا دامن ہے عرض عاجزانہ

گزرے خوشی میں ساعت اور عیش میں زمانہ
کہتی ہوں تجھ سے روکر اے نگہۂ شہانہ

دنیا و دیں کی حاصل ہو جائے اب امارت
جتنی بھی خوبیاں ہیں کر ہم کو سب عنایت

www.abulhasanalinadwi.org

اللہ تیرے در پہ یہ سر جھکا ہوا ہے
اور ہاتھ آسماں کی جانب اُٹھا ہوا ہے

نظریں جھکی ہوئی ہیں اور دل بھرا ہوا ہے
خاموش کیوں ہے رحمت دَر تو کھلا ہوا ہے

ہے عام تیری بخشش بھر بھر کے دے رہا ہے
ہر فرد اپنا دامن پھیلا کے لے رہا ہے

www.abulhasanalinadwi.org

ہم منتظر ہیں کب سے ابرِ کرم نہ آیا
ہاں مدتوں سے دل پر اک رنج سا ہے چھایا

جب انتہا سے زائد بیکل ہوئی خدایا
اس درد سے پکارا آخر کہ دل بھر آیا

ہو تابِ ضبط کیوں کر اور انتظار کب تک
یہ ناتوان دل ہے صبر و قرار کب تک

www.abulhasanalinadwi.org

خوش قسمتی کا باعث تکلیف کو بنا دے
تسنیمؔ کو الٰہی دونوں جگہ جزا دے

تقدیر کو جگا دے تدبیر کو ہنسا دے
ذرّہ کو اب تو یارب رشکِ قمر بنا دے

بندہ نواز میری منّت کی لاج رکھ لے
میری نہیں تو اپنی رحمت کی لاج رکھ لے

www.abulhasanalinadwi.org

بابِ کرم

مختلف مناجاتوں کا مجموعہ

از: امۃ اللہ تسنیمؒ

قیمت: ۱۲ روپے

دیارِ حبیب ﷺ

امۃ اللہ تسنیمؒ

ناشر

مکتبۂ اسلام ۱۷۲/۵۴ محمد علی لین گوئن روڈ لکھنؤ

www.abulhasanalinadwi.org